جامعہ میں عیدالاضحیٰ کی تعطیلات

قسم تحفیظ القرآن الکریم میں تعطیلات 14 نومبر بروز اتوار سے شروع ہو کر 21 نومبر بروز اتوار تک ہونگی۔ جبکہ قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ میں تعطیلات 14 نومبر بروز اتوار سے شروع ہو کر 26 نومبر بروز جمعہ تک ہونگی۔ ان شاء اللہ

دروس بسلسلہ فضائل ومسائل قربانی

جامعہ علوم اثریہ کے زیر انتظام مساجد اہل حدیث جہلم میں ''قربانی کے فضائل ومسائل'' کے موضوع پر دروس رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی سرپرستی میں جاری رہے۔ انتظامات کی تمام تر ذمہ داری مدیر الجامعہ مولانا سعد محمد مدنی نے سرانجام دی۔ یہ دروس ارشاد فرمانے والے علمائے کرام میں رئیس الجامعہ ومدیر الجامعہ کے علاوہ مولانا محمد اکرم جمیل، مولانا حافظ احمد حقیق، مولانا محمد عبداللہ، مولانا اکرام الحق، مولانا فیض احمد بھٹی، مولانا قطب شاہ، مولانا عکاشہ مدنی، مولانا محمد اصغر، مولانا ساجد مدنی اور مولانا عطاء اللہ ثاقب ہیں۔

جامعہ محمدیہ سلفیہ لالہ زار کالونی گجرات میں دوسری سالانہ سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 27 اکتوبر بروز بدھ بعد نماز عشاء جامعہ محمدیہ سلفیہ میں عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ جس میں حضرت مولانا محمد نواز چیمہ اور مولانا عبدالباسط شیخوپوری نے مدلل خطاب کیا۔

جامع مسجد اہل حدیث خورد میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 18 اکتوبر بروز سوموار مرکزی جامع مسجد اہل حدیث خورد میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ منعقد ہوا۔ جلسہ سے مولانا محمد یوسف پسروری اور مولانا سید عبدالغفور شاہ حافظ آباد نے خطاب کیا۔

وفیات

سیٹھی محمد امجد کو صدمہ

مورخہ 15 اکتوبر بروز جمعۃ المبارک سیٹھی محمد امجد کے چچازاد بھائی عبدالمجید بن شیخ محمد سلیم مرحوم چوک اہل حدیث میں وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جمعہ کے بعد رئیس الجامعہ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔

گلزار احمد وخطیب الرحمٰن کو صدمہ

مورخہ 25 اکتوبر بروز سوموار گلزار احمد اور خطیب الرحمٰن کے دادا جان نظام دین وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)